www.dailytijartirahbar.com.pk
E-mail.Tijartirahbar@gmail.com

جاری شدہ 1947ء

Member APNS . CPNE ABC CERTIFIED

041.2615524-2635524 CPL.NO 59

روزنامہ
# تجارتی رہبر
فیصل آباد

مینجنگ ایڈیٹر عتیق الرحمٰن

ایڈیٹر: شاہد محمود 0300.7904948

قیمت 10 روپے

جلد 78 | جمعۃ المبارک 29 ذیعقد 1445ھ 7 جون 2024ء | شمارہ 128

سودی کاروبار کرنے والوں کے ساتھ میری کھلی جنگ ہے

القرآن

## وفاقی محتسب کے زیرانتظام ساہیوال میں کھلی کچہری کا انعقاد

وفاقی محتسب ایک ایسا ادارہ ھے جوعوام کوانصاف فراہم کرنے اور انکی شکایات کا ازالہ کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور اسی سلسلہ میں آج وفاقی محتسب

**سیکرٹریٹ نے ساہیوال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں دوردراز سے تقریبا 70 افراد نے وفاق کے متعلقہ محکموں کے بارے میں اپنی شکایات پیش کیں۔**

جنہیں سنا گیا جن میں سے 45 شکایات کا موقع پرھی ازالہ کردیا گیا اور باقی شکایات کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے سربراہان کو حکم جاری کردیا گیا

### وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے انویسٹیگیشن آفیسر کامران مقصود اور جمیل احمد، کی میڈیا گفتگو

فیصل آباد (پ ر) عوام کو وفاقی اداروں سے متعلق شکایات اور ان کے مسائل کا حل ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے وفاقی محتسب کے زیرانتظام ساہیوال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ وفاقی محتسب ایک ایسا ادارہ ھے جوعوام کوانصاف فراہم کرنے اور انکی شکایات کا ازالہ کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور اسی سلسلہ میں آج وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے ساہیوال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں دور دراز سے تقریبا 70 افراد نے وفاق کے متعلقہ محکموں کے بارے میں اپنی شکایات پیش کیں۔ جنہیں سنا گیا جن میں سے 45 شکایات کا موقع پرھی ازالہ کردیا گیا اور باقی شکایات کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے سربراہان کو حکم جاری کردیا گیا۔ اس بابت میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے انویسٹیگیشن آفیسر جناب کامران مقصود اور جناب (بقیہ صفحہ اندرونی نمبر 3)

★★ لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار ★★

روزنامہ برائٹ سٹار ★

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

گوجرانوالہ | پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 14 | جمعۃ المبارک 07 جون 2024ء، 29 ذوالقعدہ 1445ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ: 276

# وفاقی محتسب نے انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں

## جناب شاہد لطیف خاں ایڈوائزر، اور اصغر علی اعوان، اسسٹنٹ رجسٹرار، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے گذشتہ روز سمبڑیال کا دورہ کیا، (26) شکایات سنیں، ان میں سے دوران سماعت (24) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) جناب شاہد لطیف خاں ایڈوائزر، اور اصغر علی اعوان، اسسٹنٹ رجسٹرار، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے مورخہ 2024-06-06 کو سمبڑیال کا دورہ کیا اور اسسٹنٹ کمشنر آفس کمپلیکس میں ایڈمنسٹریٹر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سوئی گیس اور پاسپورٹ آفس وغیرہ کے خلاف (26) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، سوئی گیس اور پاسپورٹ آفس کی طرف سے سینئر افسران نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (24) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ باقی دو شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب شاہد لطیف خاں، ایڈوائزر نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے بعدازیں شاہد لطیف خاں ایڈوائزر نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ لوگوں کو وفاقی محتسب کے دفتر کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں ہماری مدد کی جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاقی محتسب آفس سے رجوع کریں۔